09 فروری 2017ء

اسٹیٹ بینک نے نیپال راشٹر یہ بینک کے ساتھ مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کر دیے

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے نیپال کے مرکزی بینک، نیپال راشٹر یہ بینک (این آر بی) کے ساتھ نگرانی کے شعبے میں تعاون اور نگرانی کی معلومات کے تبادلے کے متعلق مفاہمت کی ایک یاداشت پر دستخط کیے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان تعاون مؤثر بینکاری نگرانی (supervision) کے حوالے سے بازل کے بنیادی اصولوں سے ہم آہنگ ہے۔

دستخط کی تقریب 09 فروری 2017ء کو اسٹیٹ بینک ہیڈ آفس کراچی میں منعقد ہوئی۔ بینکاری پالیسی وضوابط گروپ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عرفان علی اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر شعبۂ بینکاری نگرانی، این آر بی مہیشور لال سریشتھا نے اپنے متعلقہ ممالک کی طرف سے سمجھوتے پر دستخط کیے۔

واضح رہے کہ حبیب بینک لمیٹڈ کا ایک منسلک ادارہ نیپال میں ہے جس کا نام ہمالین بینک لمیٹڈ ہے اور اس کی شیئر ہولڈنگ 20 فیصد ہے۔ مفاہمت کی یاداشت پر دستخط سے دوطرفہ تعلقات کو بڑھانے اور معلومات کے تبادلے میں مدد ملے گی تاکہ دونوں ممالک میں آپریٹ کرنے والے بینکوں کی سرحد پار نگرانی میں مشترکہ طریقوں اور معیارات سے باہمی طور پر استفادہ کیا جاسکے۔

یاد رہے کہ نیپال سارک کے خطے کا تیسرا ملک ہے جس کے ساتھ پاکستان نے مرکزی بینکاری سے متعلق مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کیے ہیں۔ دیگر دو ممالک میں بنگلہ دیش اور سری لنکا شامل ہیں۔

****